بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# آئی بروز بنانے کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آئی بروز (eyebrows) بنانے کا کیا حکم ہے؟

**سائل:** ام عمارہ

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عورت کے آئی بروز اگر اتنے زیادہ پھیلے ہوئے ہوں کہ بدنما لگتے ہوں تو انہیں نارمل حالت میں لانے کے لیے ہلکی ہلکی تراش کرنا جائز ہے۔ نیز آئی بروز کو اوپر نیچے سے تراش کر دھاری دار بنانا جائز نہیں۔ اسی طرح زیب وزینت کے لیے درمیان کے بال کاٹنا تاکہ درمیان میں خلاء بن جائے یہ بھی جائز نہیں۔

**واللہ اعلم بالصواب**

محمد الیاس گھمن

**03-اگست 2020ء**